تعارف و تبصرہ کتب

مولانا عبد القیوم حقانی

اشرف التوضیح تقریر مشکوٰۃ المصابیح جلد اوّل — افادات: شیخ الحدیث مولانا نذیر احمد صاحب
ترتیب و مراجعت: مولانا محمد زاہد، مولانا محمد مجاہد۔ صفحات ۵۴۴
قیمت درج نہیں۔ ناشر: مکتبہ امدادیہ ــ گلشن امدادیہ فیصل آباد

شیخ الحدیث مولانا نذیر احمد صاحب ملک کے ممتاز عالم، لائق مدرس اور محبوب استاد شمار ہوتے ہیں۔ جامعہ اسلامیہ امدادیہ کے بانی اور مہتمم بھی ہیں۔ مولانا کا درس حدیث ملک کے مقبول ترین درسوں میں شمار ہوتا ہے آپ کی مشکوٰۃ المصابیح کا درس اپنے امتیازی خصوصیات کے پیش نظر معروف ہے۔ پیش نظر کتاب میں آپ کی گراں قدر درسی تقاریر یعنی امالی مشکوٰۃ کو نہایت سلیقے سے مرتب کیا گیا ہے۔ شروع میں علم حدیث کے مبادی پر گراں قدر مقدمہ ہے جلد اول میں آغاز کتاب سے آمین بالجہر تک کے مسائل اور احادیث کی توضیح و تشریح اور ایک گونہ مفصل شرح آگئی ہے۔ تقریر محققانہ، سہل، جامع اور طلبہ علوم نبوت کے لئے نہایت مفید ہے۔ عام تعلیم یافتہ حضرات بھی اس سے بھرپور نفع حاصل کر سکتے ہیں۔ مولانا محمد زاہد اور مولانا محمد مجاہد دونوں مولانا موصوف کے صاحبزادے ہیں۔ جنہوں نے کتاب کی ترتیب و تخریج اور تحشیہ کو نہایت سلیقے سے مرتب کیا ہے۔ علمی و دینی حلقے، علم حدیث کے طالب علم اور ذوق مطالعہ رکھنے والے احباب اس کتاب کی بھرپور پذیرائی کریں گے۔

کتابت و طباعت عمدہ، کاغذ متوسط، جلد بندی مضبوط اور دیدہ زیب ہے۔

نفاذ شریعت اور پاکستان — تالیف: مولانا قاضی عبدالکریم ـ کلاچوی۔ صفحات ۱۸۸۔ قیمت ۲۸ روپے
پتہ: قاضی محمد نسیم، نجم المدارس کلاچی۔ ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان

کتاب کا مضمون، عظمت و اہمیت اور موجودہ حالات میں اس کی بروقت اشاعت، ارباب حکومت و سیاست اہل علم اور عام پڑھے لکھے دوستوں کے لئے اس کے مطالعہ و استفادہ کی ضرورت تو اس کے نام سے ہی ظاہر ہے۔ صدر ضیاء الحق مرحوم کے گذشتہ گیارہ سالہ دورِ حکومت میں دیگر اہلِ علم کی طرح حضرت قاضی صاحب موصوف بھی جہاد باللسان کے علاوہ جہاد بالقلم بھی جاری رکھے ہوتے تھے۔ ممبرانِ شوریٰ، اراکینِ اسمبلی، ذمہ دارانِ حکومت، رہنمایانِ سیاست، شہریانِ مملکت غرض کسی بھی مناسب موقعہ پر جس طبقہ کے لئے بھی ضروری جانا